سوال

(804)جنات نکالنے کےلیے کون سی آیات پڑھی جائیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ماہنامہ ''محدث''میں ''جادوگروں کا قلع قمع کرنے والی تلوار'' کے مصنف نے لکھا ہے کہ نبیﷺ نے ہر اس دم کی اجازت دی ہے جس میں شرک نہ ہو، اسی لیے جادو کا اثر زائل کرنے اور جن نکالنے کےلیے جن آیات کا پڑھنا تجویز کیا گیا ہے، حدیث نبوی میں ان کا ذکر خاص طور پر ثابت نہ ہونا مانع نہیں۔ نبی کریمﷺ سے جن نکالنے کےلیے جو آیات پڑھنا ثابت نہیں۔ کیا جن نکالنے کےلیے کہیں سے بھی ان آیات کا دم کرنا جائز ہے؟ (ہدایت الٰہی۔لاہور) (۲۷ستمبر ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید چونکہ نسخۂ شفاء ہے لہٰذا کسی بھی اچھے مقصد میں کامیابی کےلیے آیات کا انتخاب ہوسکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،متفرقات:صفحہ:553

محدث فتویٰ